احرام کی نیت کئے بغیر سوگئے اور میقات کے بعد آنکھ کھلی، تو حکم؟

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1835

تاریخ اجراء: 26 محرم الحرام 1446ھ/02 اگست 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

عمرہ کرنے کے لئے جاتے ہوئے گھر سے احرام کی چادریں باندھ لیں اور جہاز میں بیٹھ گئے لیکن احرام کی نیت و تلبیہ نہیں کہی اور ارادہ یہ تھا کہ جہاز میں جب میقات آئے گا، تو نیت کرلیں گے، مگر ہوا یہ کہ نیند آگئی اور جب بیدار ہوئے، تو میقات نکل چکی تھی، اس صورت میں کیا حکم ہوگا؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

آپ نے جب تک نیت اور تلبیہ پڑھ کر احرام شروع نہیں کیا تو احرام شروع نہیں ہوا، حالانکہ پوچھی گئی صورت میں آپ پر واجب تھا کہ بغیر احرام میقات کراس نہ کرتے، اب جب آپ بلا احرام میقات کراس کر کے آگئے ہیں اور عمرہ ادا نہیں کیا تو آپ پر لازم ہے کہ کسی بھی میقات مثلاً طائف کی میقات پر جا کر نیت و تلبیہ پڑھ کر احرام شروع کر کے آجائیں اور پھر عمرہ کریں، لیکن اگر آپ نے ایسا نہیں کیا بلکہ میقات کے اندر سے ہی احرام کی نیت کر کے عمرہ کر لیا تو عمرہ ادا ہو جائے گا، البتہ اس صورت میں بطورِ کفارہ ایک دَم یعنی چھوٹا جانور (بکری، بکرا، دنبہ) حدودِ حرم میں قربان کرنا آپ پر واجب ہوگا اور توبہ بھی کرنی ہوگی۔

استاذ الفقہ مفتی علی اصغر عطاری مدظلہ العالی اپنی کتاب **"27 واجباتِ حج اور تفصیلی احکام"** میں لکھتے ہیں: "جو آفاقی براہِ راست مکہ مکرمہ کی نیت سے سفر کرتا ہوا جان بوجھ کر بغیر احرام کے میقات سے حل میں داخل ہوا تو اس پر دَم لازم ہو گیا اور گناہگار بھی ہوا۔ اگر جان بوجھ کر نہ کیا تو گناہ نہیں ہوگا۔ اس پر واجب ہے کہ واپس جا کر کسی بھی میقات سے احرام باندھے یعنی احرام کی نیت اور تلبیہ دونوں میقات سے کر کے پھر دوبارہ آئے۔ ایسی صورت میں دَم ساقط ہو جائے گا۔ سب سے قریب میقات طائف کی ہے۔۔۔ اگر اس شخص نے آفاق سے آتے ہوئے میقات سے احرام باندھنے کے

بجائے اندرونِ میقات کہیں سے احرام باندھ لیا تب بھی حکم ہے کہ میقات پر جا کر تلبیہ پڑھ کر واپس آئے۔اس پر لازم آنے والا دَم ساقط ہو جائے گا۔البتہ گناہ ختم کرنے کے لئے توبہ کرنا ہو گی۔‘‘(27واجباتِ حج اور تفصیلی احکام، صفحہ49، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net